Urdu - بائبل آیات روح - Soul Scriptures

متّی 11:28,29,30

اے محنت مشقت کر نے والو! اور وزنی بوجھ اٹھا نے والو تم سب میرے پاس آ جا ؤ۔ میں تمہیں آرام پہنچا ؤں گا۔ میرے جوئے کے کندھے دیتے ہو ئے مجھ سے باتیں سیکھو۔ میں شریف اور خاکسارہوں۔ اور تم اپنی جانوں کے لئے تشفی پا ؤگے۔ ہاں! جو کام میں تم سے قبول کر نے کے لئے کہتا ہوں آسان ہے۔ تمہیں اٹھا نے کے لئے جو بوجھ دے رہا ہوں وہ وزنی نہیں ہے۔

پیدائش 2:7

ایسی صورت میں خداوند خدا نے زمین سے مٹی لی اور انسان کو بنا یا اور ناک میں زندگی کی سانس پھونک دی تب انسان ایک ہی ذی روح بن گیا ۔

پیدائش 34:2,3,8

اس ملک کا بادشاہ حمور تھا۔ اس کا بیٹا سِکم تھا۔ اس نے دینہ کو دیکھا اس کا اغوا کیا اور اس کے ساتھ جسمانی تعلقات قائم کر کے اس کی بے حرمتی کی ۔ سکم کو دینہ سے محبت ہو گئی۔ اور وہ اُس کے ساتھ محبتانہ سلوک کیا ۔

پیدائش 34:8

لیکن حمور نے دینہ کے بڑے بھا ئیوں سے گفتگو کی ۔اور اُس نے اُن سے کہا کہ میرا بیٹاسِکّم ، دینہ کو بہت چاہتا ہے ، برائے مہر بانی اس کو اس سے شادی کر نے کا موقع فراہم کرو ۔

گنتی 21:4

بنی اسرا ئیلیوں نے ہو ر پہا ڑ کو چھو ڑا اور بحر احمر کے کنا رے کنا رے چلے ۔ انہوں نے ایسا اس لئے کیا تا کہ وہ ادوم کہے جانے وا لی جگہ کی چاروں طرف جا سکیں ۔ لیکن لوگوں کو صبر نہیں تھا ۔ جس وقت وہ چل رہے تھے اس وقت وہ لمبے سفر کے خلا ف شکا یت کرنا شروع کئے ۔

استثناء 4:29

لیکن اگر ان دوسرے ملکوں میں تم خداوند اپنے خدا کو اپنے دل اور رُوح سے تلاش کرو گے تو تم اسے پا ؤگے ۔

مرقس 16:16

جو اِیمان لائے اور بپتِسمہ لے وہ نِجات پائے گا اور جو اِیمان نہ لائے وہ مُجرم ٹھہرایا جائے گا۔

سموئیل 1 18:1

جب داؤد ساؤل سے اپنی باتیں ختم کی ، یونتن داؤد کا دوست ہو گیا ۔ وہ داؤد کو اتنا چا ہتا جتنا کہ وہ اپنے آپ کو ۔

سلاطین 1 1:29

تب بادشاہ نے حلف لیا : " میں خدا وند کی زندگی کی قسم کھا تا ہوں جس نے مجھے ہر مصیبت سے بچائی ۔

سلاطین 2 4:27

لیکن شونیمی عورت اوپر پہاڑی پر خدا کے آدمی کے پاس گئی وہ جھک گئی اور الیشع کے قد م چھو ئی۔ جیحازی اس خاتون کو ڈھکیل دینے کیلئے آگے بڑھا ۔لیکن خدا کے آدمی نے جیحازی سے کہا ، " اس کو اکیلا چھوڑدو ۔ وہ بہت تناؤ میں ہے اور خداوند نے اس عورت کے متعلق کچھ ظاہر نہیں کیا ۔خداوند نے "اس خبر کو مجھ سے پوشیدہ رکھا ۔

ایّوب 7:11

اس لئے میں چُپ نہیں رہونگا ۔ میں سب کچھ کہہ ڈالوں گا ۔ میری روح تکلیف زدہ ہے اور میری جان تلخیوں" سے بھری ہوئی ہے اسی لئے میں شکایت کروں گا ۔

ایّوب 14:22

وہ شخص اپنے جسم میں درد محسوس کر تا ہے اور وہ صرف اپنے لئے چیخ و پکار کر تا ہے ۔
ایّوب 19:2
کب تک تم مجھے چوٹ پہنچاتے رہو گے اور باتوں سے مجھے کچلتے رہو گے ۔ "
ایّوب 27:1,2
یقیناً ، خدا کی حیات کی قسم ، وہ میرے ساتھ غیر منصف رہا ہے ۔ خدا قادر مطلق نے میری زندگی کو تلخ " بنا دیا ہے
ایّوب 30:25
اے خدا ! تُو تو یہ جانتا ہے کہ میں ان کے لئے رو یا جو مصیبت میں پڑے ہیں ۔ تُو تو یہ جانتا ہے کہ میرا دِل غریب لوگو ں کے لئے دُکھی رہتا تھا ۔
زبُور 6:3,4
میری جان نہایت بے قرار ہے ۔ اے خداوند! کب تک انتظار کر نا پڑیگا تو کب مجھے تندرست کر ے گا ؟۔ اے خداوند! وا پس آ، اور مجھے پھر سے زور آور بنا ۔ تو بڑا مہربان ہے ، مجھے بچا لے ۔
زبُور 7:1,2
اے خداوند میرے خدا، مجھے تجھ پر بھروسہ ہے ۔ اُن لوگوں سے تو میری حفا ظت کر جو میرے پیچھے پڑے ہیں۔ مجھ کو تو بچا لے ۔ اگر تو میری مدد نہیں کرتا تو میری" درگت" اُس جانور کی سی ہو گی جسے کسی شیر بّبر نے پکڑ لیا ہے ۔ وہ مجھے گھسیٹ کر دور لے جا ئے گا ۔ کو ئی بھی شخص مجھے نہیں بچائے گا۔
زبُور 17:13
اے خداوند اُٹھ! دشمن کا سامنا کر، اُسے پٹک دے، اپنی تلوا ر سے میری جان کو ان شر پسندوں سے بچا۔
زبُور 23:3
وہ اپنے نام کی خاطر میری رُوح کو نئی قوّت دیتا ہے ۔ وہ مجھ کو صداقت کی راہ پر چلا تا ہے یہ دکھا نے کے لئے کہ وہ سچ مچ میں اچھّا ہے ۔
زبُور 25:20
اے خدا، میری حفاظت کر اور مجھ کو بچا لے۔ میں تجھ پر توّکل کرتا ہوں۔ پس مجھے ما یوس مت کر۔
زبُور 33:19
خدا اُن لوگوں کو موت سے بچاتا ہے ، وہ جب بھوکے ہو تے ہیں تب وہ اُنہیں قوّت دیتا ہے ۔
زبُور 34:22
خداوند اپنے ہر خادم کی روح کو بچا تا ہے ۔ جو اُس پر تو کّل کرتے ہیں وہ اُن لوگوں کا نقصان ہو نے نہیں دے گا ۔
زبُور 35:12,13
میں نے تو بس نیکی ہی نیکی کی ہے ۔ لیکن وہ لوگ میرے ساتھ بدی کریں گے۔اے خداوند! مجھے وہ بہتر پھل دے جو مجھ کو ملنا چاہئے۔ 13 اُن پر جب دکھ پڑا، اُ ن کے لئے میں دکھی ہوا۔ میں روزے رکھ کر اپنی جان کو دُکھ دیا۔ میں نے اُ ن کے لئے جو دعاء کی کیا مجھے یہی ملنا چاہئے۔
زبُور 41:4
میں نے کہا ،" خداوند! مجھ پر رحم کر۔ میری جان کو شفا دے کیوں کہ میں نے تیرے خلاف گناہ کئے ہیں۔ "لیکن مہربانی سے مجھے معاف کر اور شفا دے۔
(زبُور 42:5,11 (زبُور 42:6,11; 43:5
میں اتنا دُکھی کیوں ہوں؟ میں اتنا پریشان کیوں ہوں؟ میں خدا کی مدد کا منتظر ہوں۔ مجھے ا ب بھی اس کی حمد کا موقع ملے گا۔ وہ مجھے بچا ئے گا ۔
زبُور 56:13

تو نے مجھ کو شکست سے بچا یا ہے۔ کیوں کہ تو نے مجھ کو موت سے بچا یا ہے۔
جسے زندہ لوگ دیکھ سکتے ہیں۔ اِسلئے میں خدا کی عبادت زندگی کی روشنی میں کروں گا۔زبُور

زبُور 69:10
میں تو پکا رتا ہوں اور روزہ رکھتا ہوں۔ اِس لئے وہ میری ہنسی اُڑا تے ہیں۔

زبُور 69:18
اے خداوندآ ! میری جان بچا لے ۔ تو مجھ کو میرے دشمنوں سے چھڑا لے ۔

زبُور 86:13
اے خدا ! مجھ پر تیری بڑی شفقت ہے ۔ تو نے میری جان کو پا تا ل کی تہہ سے نکا لا ہے ۔

زبُور 97:10
جو لو گ خداوند سے محبت رکھ تے ہیں، وہ بدی سے نفرت کر تے ہیں۔ اِس لئے خدا اپنے مقدّسوں کی حفا ظت کر تا ہے ۔ خدا اپنے مقدسوں کو شریر لوگوں سے بچا تا ہے۔

زبُور 107:9
پیاسی رُوح کو خدا سیر کر تا ہے ۔ خدا بہتر چیزوں سے بُھو کی رُوح کی بھو ک کو آسودہ کر تا ہے ۔

زبُور 116:4
" تب میں نے خدا وند کے نام کو پکارا ،میں نے کہا ، "خدا وند مجھ کو بچا لے

زبُور 116:8

اے خدا تُو نے میری رُوح کو موت سے بچا یا۔
میرے آنسوؤں کو تو نے روکا اور گر نے سے مجھ کو تو نے بچا لیا۔

زبُور 119:28
میں تھک گیا ہوں اور افسر دہ ہو گیا ہوں ۔ اپنے کلام کے مطا بق مجھے تقویت دے ۔

زبُور 120:2
اے خداوند ! مجھے تُو اُن لوگوں سے بچا لے جنہوں نے میرے با رے میں جھُوٹ بولا ہے۔

زبُور 121:7
خداوند تجھے ہر مُصیبت سے بچا ئے گا ۔ خداوند تیری جان کو محفوظ رکّھے گا ۔

زبُور 124:7
ہم جال میں پھنسے اس پرندے کے جیسے تھے جو پھر بچ نکلا ہو۔ جال ٹوٹ گیا اور ہم بچ نکلے ۔

زبُور 138:3
اے خدا ! میں نے تمجھے مدد پا نے کو پُکا را ۔ تُو نے مجھے جواب دیا ۔ اور میری جان کوتقویت دے کر میرا حوصلہ بڑھایا۔

امثال 6:32
لیکن ایک شخص جو جنسی گناہ کرتا ہے وہ احمق ہے ۔ کوئی بھی جو ایسا کرتا ہے اپنے آپ کو برباد کرتا ہے ۔

امثال 22:25
یا ہو سکتا ہے تو بھی اسکی راہوں کو سیکھے اور اپنے آپ کو جال میں پھنسا لے ۔

یرمیاہ 20:13
خداوند کی مدح سرائی کرو !خداوند کی ستائش کرو !خداوند مسکینوں کی حفاظت کر تا ہے وہ انہیں شریرو ں کی قوت سے بچا تا ہے ۔

یرمیاہ 31:25
میں ان لوگوں کو آرام اور قوت دوں گا جو تھکے ہوئے اور کمزور ہیں ۔" 26 یہ سننے کے بعد میں (یرمیاہ)

جاگا اور اپنے چاروں جانب دیکھا ۔ وہ بڑی پُر سکون نیند تھی ۔

حزقی ایل 13:20,21

اس لئے میرا آقا اور خداوند تم سے یہ کہتا ہے ۔ تم ان کپڑوں کے بازو بند کا استعمال لوگوں کو جال میں پھنسانے کے لئے کر تی ہو۔ لیکن میں ان جا دو ئی کشش کے خلاف ہوں میں تمہا رے ہا تھو ں سے ان بازو بند کو پھا ڑ پھینکوں گا اور لوگ تم سے آزاد ہو جا ئیں گے ۔ وہ جال سے آزا د شدہ پرندوں کی طرح ہونگے ۔ اور میں تمہا رے بر قعوں کو بھی پھاڑوں گا اور اپنے لوگوں کو تمہا رے ہا تھ سے چھڑا ؤں گا او ر پھر کبھی تمہا را بس نہیں چلے گا کہ ان کو شکار کرو اور تب تم جانو گی کہ میں خداوند ہوں۔

متّی 10:28

تم لوگوں سے نہ گھبراؤ۔کیوں کہ وہ تو صرف جسم کو مار سکتے ہیں لیکن روح کو مار نہیں سکتے۔ بلکہ خدا سے ڈرو جو روح اور جسم کو جہنم میں نیست و نابود کر سکتا ہے۔

(متّی 16:26 (مرقس 8:36,37

اگر کوئی شخص دنیا بھر کی دولت کما کر بھی اپنی روح کو کھو دیا تو اسے کیا حاصل ہوگا ؟ کیا کو ئی چیز ہے جو اسکی روح کا بدل ہو؟

متّی 22:37

یسوع نے کہا، تجھ کو اپنے خداوند خدا سے محبت کر نا چاہئے۔ تو اپنے دل کی گہرائی سے اور تو اپنے دل و جان سے اور تو اپنے دماغ سے اسکو چاہنا۔

(متّی 26:38 (مرقس 14:34

میری جان غم سے بھر گئی۔ اور میرا قلب حزن و ملا ل سے پھٹا جا رہا ہے۔ اور کہا کہ تم سب یہیں پر میرے -ساتھ بیدار رہو

مرقس 12:30

خداوند اپنے خدا کو تم دل کی یکسوئی کے ساتھ پوری جان کے ساتھ پوری عقلمندی کے ساتھ اور تمام طاقت کے ساتھ اس سے محبت کرو۔ یہی بہت اہم ترین حکم ہے۔

لوقا 12:20 لیکن خدا نے اس سے کہا کہ تو تو کم عقل ہے ! اس لئے کہ آج کی رات تو مرنے والا ہے ۔اب کہہ کہ جن اشیاء کو تو جمع کر کے رکھا ہے اس کا کیا حشر ہو گا؟ اور وہ کس کے حوا لے ہوں گے؟۔

لوقا 21:19

اگر تم اپنے ایمان میں قائم رہو تو اپنے آپ کو بچا لو گے ۔ 20 یروشلم کے اطراف فوج کے احا طہ کو تم دیکھو گے تب تم سمجھوگے کہ یروشلم کی تباہی وبر بادی کا وقت آیاہے ۔

یوحنا 12:27

اب میری جان گھبراتی ہے پس میں کیا کروں ۔ کیا میں کہوں کہ اے باپ مجھے ان تکالیف سے بچا ! نہیں میں خود ان تکالیف کو سہنے آیا ہوں ۔

رسولوں 14:22

اور شاگِردوں کے دِلوں کو مضبُوط کرتے اور نصِیحت دیتے تھے کہ اِیمان پر قائِم رہو اور کہتے تھے ضرُور ہے کہ ہم بہُت مُصِیبتیں سہہ کر خُدا کی بادشاہی میں داخِل ہوں۔

رسولوں 15:24

چُونکہ ہم نے سُنا ہے کہ بعض نے ہم میں سے جِن کو ہم نے حُکم نہ دِیا تھا وہاں جا کر تُمہیں اپنی باتوں سے گھبرا دِیا اور تُمہارے دِلوں کو اُلٹ دِیا۔

کرنتھِیُوں 15:45 1

چنانچہ لکھا ہے !پہلا آدمی زندہ نفس بنا لیکن آخری آدم زندگی دینے والی رُوح بنا ۔

تھسلنیکوں 5:23 1

ہما ری دعا ہے کہ خدا جو کہ سلامتی کا ذریعہ ہے وہ پورے طریقے سے تم کو پاک کردے۔ اور ہما ری دعا ہے کہ تمہا ری پوری ہستی،روح،جسم اور جان محفوظ اور بے عیب رہے جب ہما را خدا وند یسوع مسیح

آئے۔

عبرانیوں 6:19

ہم کو یہ امید ہے کہ وہ ہماری جان کا ایسا لنگر ہے جو ثابت اور قائم رہتا ہے اور یہ ہمیں اس مقدس ترین جگہ تک پہونچا تا ہے جو آسمان مُقدس میں پر دے کے پیچھے ہے ۔

عبرانیوں 10:39

لیکن ہم ان لوگوں میں نہیں ہیں جو خدا کی راہ میں ڈر سے پیچھے ہٹتے ہیں اور ہلاک ہو جاتے ہیں ۔ ہم وہ ہیں جو ایمان کے ساتھ رہتے ہیں اور انکو بچا لیا جاتا ہے ۔

یعقوب 1:21

چنانچہ تمہاری زندگی کو بُری چیزوں سے دور رکھو ۔ اور خدا کی تعلیمات جو اس نے تمہاری جانوں میں بوئی گئی ہیں اس کو قبول کرو ۔

یعقوب 5:20

یاد رکھو اگر کو ئی آدمی گنہگار کو اسکی گمراہی سے نکالے تو گویا وہ اس گنہگار کی روح کو ہمیشہ کی موت سے بچاتا ہے اور اس کو معلوم ہو نا چاہئے کہ اس کی وجہ سے اس کے کئی گناہ خدا کی طرف سے معاف کئے جائیں گے ۔

پطرس 1:9 1

تمہارے ایمان کا آخری مقصد تمہاری رُوح کی نجات ہے اور یہی تمہارا حا صل ہے ۔

پطرس 1:22 1

تم نے اپنی سچائی کی تابعداری سے اپنے آپ کو پاک کیا ہے اور اب تم اپنے بھا ئیوں اور بہنوں سے یقیناً محبت کر سکتے ہو اس لئے تم اپنے دل کی گہرائیوں سے اور شدّت سے ایک دوسرے سے محبت کرو اور تم سب طاقت سے رہو ۔

پطرس 2:11 1

عزیز دوستو اس دُنیا میں تم اجنبی اور مسا فر کی طرح ہو ۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ تم بُرے کاموں سے جسے کہ تمہا را جسم کرنا چاہتا ہے دور رہو ۔ اور یہ ساری چیزیں تمہا ری رُوح کے خلا ف لڑا ئی کر تی ہیں۔

پطرس 4:19 1

تو وہ لوگ جو خدا کی مرضی سے دکھ اٹھا تے ہیں انہیں چاہئے کہ اپنی روحوں پر بھروسہ کر کے اسی کے سپرد کر دیں خدا ہی ہے جس نے انہیں بنایا اور وہ اُس پر بھروسہ کر سکتے ہیں تو پھر انہیں نیک عمل کو جاری رکھنا چاہئے ۔

پطرس 2:7,8 2

لیکن خدا نے لوط کو بچا لیا لوُط بہت پارسا آدمی تھا ۔ لُوط کو بے دینوں کے ناپاک چال چلن سے تکلیف اٹھا نی پڑی ۔ لُوط بہت اچھا آدمی تھا لیکن ان کا روزا نہ کا رہنا ان برے صفت لوگوں کے ساتھ تھا ۔ اُنکے بُرے کا موں کو دیکھ دیکھ کر اور سُن سُن کر گو یا ہر روز اپنے سچّے دل کو شکنجے میں کھینچتا تھا ۔

یوحنا 1:2 3

اَے پیارے! مَیں یہ دُعا کرتا ہُوں کہ جِس طرح تُو رُوحانی ترقّی کر رہا ہے اِسی طرح تُو سب باتوں میں ترقّی کرے اور تندرُست رہے۔